نظر ثانی شدہ

28واں اجلاس

# صوبائی اسمبلی پنجاب

## منگل 22 جولائی 2025 کو 2:00 بجے دوپہر منعقد ہونے والے اسمبلی کے اجلاس کی فہرست کارروائی

تلاوت، نعت اور قومی ترانہ

### سوالات

خزانہ

سے متعلق سوالات دریافت کئے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے

### زیرو آور نوٹسز

علیحدہ فہرست میں مندرج زیرو آور نوٹسز لئے جائیں گے اور ان کے جوابات دیئے جائیں گے

### ADJOURNMENT MOTIONS

| S/N | A.M/NO. | MOVER | CONCERNED MINISTER |
|---|---|---|---|
| **1.** | 124/25<br>**Pending for reply** | Ms. Rahila Khadim Hussain, MPA (W-304) and Mr. Falbous Christopher, MPA (NM-364) | Specialized Health Care & Medical Education |
| **2.** | 129/25<br>**Pending for reply** | Mr. Mohammad Arshad Malik, MPA (PP-200) | Auqaf & Religious Affairs |
| **3.** | 137/25<br>**Pending for reply** | Qazi Ahmed Saeed, MPA (PP-256) | Local Government and Community Development |
| **4.** | 287/25 | Mr. Amjad Ali Javed, MPA (PP-121) | Specialized Healthcare & Medical Education |
| **5.** | 295/25 | Ms. Hameeda Mian, MPA (W-320) | Board of Revenue |

### غیر سرکاری ارکان کی کارروائی

1۔ (مسودات قانون کا پیش کیا جانا)

1. **THE AGN UNIVERSITY Bill 2025**

**MR FALBOUS CHRISTOPHER:** I move that leave be granted to introduce the AGN University Bill 2025.

**MR FALBOUS CHRISTOPHER:** I introduce the AGN University Bill 2025.

2. **THE ASIAN UNIVERSITY FOR RESEARCH AND ADVANCEMENT BILL 2025**

**RANA ABDUL MANNAN SAJID:** I move that leave be granted to introduce the Asian University for Research and Advancement Bill 2025.

**RANA ABDUL MANNAN SAJID:** I introduce the Asian University for Research and Advancement Bill 2025.

## 2۔ (مسودات قانون پر غور وخوض اور منظوری)

### 1. THE GLOBUS UNIVERSITY KAMALIA BILL 2025 (BILL NO. 14 OF 2025)

**MR SHAUKAT RAJA:**
**AGHA ALI HAIDAR:**
**MR KHAN BAHADAR:**
I move that the Globus University Kamalia Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MR SHAUKAT RAJA:**
**AGHA ALI HAIDAR:**
**MR KHAN BAHADAR:**
I move that the Globus University Kamalia Bill 2025, be passed.

### 2. THE PUNJAB LETTER OF ADMINISTRATION AND SUCCESSION CERTIFICATE (AMENDMENT) BILL 2025 (BILL NO. 34 OF 2025)

**MR AMJAD ALI JAVED:** I move that the Punjab Letter of Administration and Succession Certificate (Amendment) Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Revenue, be taken into consideration at once.

**MR AMJAD ALI JAVED:** I move that the Punjab Letter of Administration and Succession Certificate (Amendment) Bill 2025, be passed.

### 3. THE UNIVERSITIES AND INSTITUTES LAWS (AMENDMENT) BILL 2025 (BILL NO. 35 OF 2025)

**MR AMJAD ALI JAVED:** I move that the Universities and Institutes Laws (Amendment) Bill 2025 as recommended by Standing Committee on Higher Education, be taken into consideration at once.

**MR AMJAD ALI JAVED:** I move that the Universities and Institutes Laws (Amendment) Bill 2025, be passed.

## 3۔(مفاد عامہ سے متعلق قرار دادیں)

### (مورخہ 27 مئی 2025 سے زیر التواء قرار دادیں)

1۔ جناب نوید اسلم خان لودھی:
(قرار داد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع ساہیوال کا مشہور و معروف قصبہ ہڑپہ جو چار قانونگوئیوں اور پانچ تھانہ جات پر مشتمل ہے جس میں کوئی تحصیل ہیڈ کوارٹر نہ ہے۔ یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ ہڑپہ شہر کو فی الفور تحصیل ہیڈ کوارٹر کا درجہ دیا جائے۔

2۔ محترمہ حمیدہ میاں:
(قرار داد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ ضلع منڈی بہاءالدین کی آبادی 20 لاکھ سے تجاوز کر چکی ہے اور شرح خواندگی تقریباً 70 فی صد ہے، جو صوبہ پنجاب کے کئی اضلاع سے بہتر ہے۔ اس کے باوجود ضلع تاحال میڈیکل کالج جیسی اہم تعلیمی اور طبی سہولت سے محروم ہے۔
لہذا صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان صوبائی حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ ضلع منڈی بہاءالدین میں سرکاری میڈیکل کالج کے قیام کا اعلان کیا جائے، اور اس کے لئے عملی اقدامات شروع کیے جائیں۔

3۔ چودھری جاوید احمد:
(قرار داد پیش ہو چکی ہے)

یہ ایوان حکومت سے مطالبہ کرتا ہے کہ پاک پتن کے تاریخی ورثہ کی حفاظت اور تزئین و آرائش کے لیے اسے محکمہ والڈ سٹی و آثار قدیمہ کے ساتھ محکمہ سیاحت کے ترقیاتی و تعمیراتی منصوبہ جات میں شامل فرمایا جائے۔

4۔ جناب احمر بھٹی:
(قرار داد پیش ہو چکی ہے)

اس ایوان کی رائے ہے کہ صوبہ بھر میں کاروباری حضرات آپس میں پیسوں کا لین دین کرتے ہیں جس میں آن لائن پیسوں کا لین دین بھی ہوتا ہے اکثر دیکھنے میں آتا ہے کہ مختلف لوگوں کے لاکھوں کروڑوں روپے ڈوب جاتے ہیں اور دوسرا فریق رقم دینے سے انکاری ہو جاتا ہے لین دین کے تنازعات کے باعث بہت سے آپسی جھگڑے اور لڑائیاں بھی جنم لیتی ہیں پیسوں کے لین دین کے حوالے سے پولیس اور دیگر ادارے بھی قانون نہ ہونے کی وجہ سے کارروائی کرنے میں بے بس دکھائی دیتے ہیں۔ لہذا اس ایوان کی رائے ہے کہ پیسوں کے آپسی لین دین کے نظام کے لیے قانون سازی کی جائے تاکہ ذمہ دار ادارے اس حوالے سے کارروائی کر سکیں اور متاثرین کو ان کی رقوم واپس دلا سکیں اور عوام دھوکہ دہی سے محفوظ رہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| 5- | جناب حنبل ثناء کریمی:<br>جناب احمر بھٹی:<br>(قرارداد پیش ہو چکی ہے) | میں یہ قرارداد پیش کرتا ہوں کہ یہ ایوان پنجابی ادب کے عظیم شاعر تجمل کلیم کی وفات پر اظہار تعزیت کرتا ہے اور ان کی مغفرت کے لیے دعا گو ہے اللہ مرحوم کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ تجمل کلیم مرحوم چونیاں ضلع قصور کے رہائشی تھے۔ مرحوم نے پنجابی ادب کی متعدد مشہور کتابیں لکھیں اور ان کا کلام پنجابی سننے، بولنے اور پڑھنے والوں میں پاکستان اور دنیا بھر میں بہت مقبول ہے۔ مرحوم اپنی شاعری کی وجہ سے پاکستان کی عالمی پہچان بنے اس کے علاوہ دنیا بھر میں پنجابی زبان سے محبت کرنے والوں کے پسندیدہ شاعر تھے۔ صوبائی اسمبلی پنجاب کا یہ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ اس عظیم شاعر کی خدمات کے اعتراف میں ضلع قصور شہر چونیاں میں گورنمنٹ بوائز ہائر سیکنڈری سکول کا نام شاعر تجمل کلیم کے نام سے منسوب کیا جائے۔ |

## (موجودہ قرارداد)

| | |
|---|---|
| سید علی حیدر گیلانی(HI): | یہ ایوان بلوچستان کے ضلع ژوب اور لورالائی کے سنگم پر واقع علاقے سرڈھکی میں 10 جولائی 2025 کی شب پیش آنے والے اس المناک واقعہ کی سخت الفاظ میں مذمت کرتا ہے، جس میں مسلح دہشت گردوں نے قومی شاہراہ پر کوئٹہ سے ملتان جانے والی دو بسوں کو روک کر پنجاب کے شناختی کارڈ رکھنے والے 9 بے گناہ مزدوروں کو بس سے اتار کر گولیوں سے شہید کر دیا۔ شہداء کوئٹہ سے جنوبی پنجاب کے شہر دنیاپور جارہے تھے اور اپنی روزی روٹی کے لیے سفر کر رہے تھے۔ یہ بزدلانہ حملہ نہ صرف دہشت گردی ہے بلکہ لسانی و نسلی تعصب پر مبنی انسانیت سوز جرم بھی ہے۔ یہ ایوان اس دلخراش واقعہ کو ملک کی بین الصوبائی یکجہتی پر حملہ تصور کرتا ہے اور متاثرہ خاندانوں سے دلی ہمدردی اور یکجہتی کا اظہار کرتا ہے۔ ایوان مطالبہ کرتا ہے کہ وفاقی حکومت اور حکومت بلوچستان فوری طور پر اس واقعہ کی شفاف تحقیقات کروائیں، ملوث عناصر کو گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے، متاثرہ خاندانوں کو مالی امداد قانونی تحفظ اور بچوں کی کفالت کی سرکاری ضمانت دی جائے اور دوسرے صوبوں میں کام کرنے والے محنت کشوں کے تحفظ کے لیے مستقل بنیادوں پر سکیورٹی پلان مرتب کیا جائے۔ |

## فوری اہمیت کے حامل معاملات

قواعد انضباط وکار صوبائی اسمبلی پنجاب 1997 کے قاعدہ 113۔اے کے تحت اراکین فوری اہمیت کے حامل معاملات اُٹھائیں گے۔

لاہور
مورخہ: 21جولائی 2025

چودھری عامر حبیب
سیکرٹری جنرل